
35 YEARS OF EDUCATIONAL EXCELLENCE
تعمیر کردار سے تعمیر جہاں

# USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM

Campus 01

## *Nida-e-Usman*



USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM

UPSS

*Shaping the leaders of Ummah*

# NEWSLETTER

2023-2024

بسم الله الرحمن الرحيم

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ

نٓ۔ قسم ہے قلم کی اور اُس چیز کی جسے لکھنے والے لکھ رہے ہیں،(۱)

**Nun. By The Pen And What Whe Scribes Write.**



# HADITH

Our Prophet (saw) said, “Verily, the believers are like a structure, each part strengthening the other,” and the Prophet clasped his fingers together. **[al-Bukhari]**



# From the Principal Desk

Alhmadulillah, a vibrant academic year, brimming with opportunities and promises has come to an end.

Our school is more than just a physical structure with classrooms; it is an energetic group of learners, educators, and families dedicated to the pursuit of knowledge and personal growth. The following pages will provide you with an overview of the many abilities, accomplishments, and passions that really set our school apart.

Life is a voyage of discovery. Every day offers fresh insights and lessons to learn. In addition to imparting comprehensive knowledge in specific areas, we also make sure that our students are competent and continue to grow. We believe each of our student is unique, for this we at UPSS constantly encourage the students not to fear failing but to work hard to succeed in order to be beneficial and to exercise good leadership. We also acquire the discipline needed to put things into the right perspective. Life has its ups and downs, and we must learn to overcome obstacles and believe in Allah SWT that He has planned best for us.

In sha Allah we will continue to learn and grow together.

May Allah bless all of us and keep us in Aafiyah.

Ameen

**Regards**

**Principal Campus 1**

# Overview of the Session

1. 14th August
2. 6th September
3. Election
4. Book Fair
5. Poster Competition Class 6
6. Calligraphy Competition Class 7
7. Language Fair

# Overview of the Session



# Our Achievements of the Year!



| Competition | Names of Student & Class | Position |
|---|---|---|
| Art Competition | Muneeqa class VI | 2nd Position |
| Math competition | HANIA NADEEM AND AABIYA JAMAL CLASS VII | 2nd Position |
| Urdu Essay writing | Fizza Faheem class viii | 1st position |
| English essay writing | Eshal Abdullah Class VIII<br>Ayesha Adnan Class viii | 1st position<br>3rd position |
| شعر و سخن | FATIMA SULEMAN NOOR ADEEL CLASS V | 3rd position |
| فروغ اردو کارواں | UNZILA JAWED AND INAYA MUMTAZ CLASS IV | 1st position |
| Throwball | | 2nd Position |

# POETs CORNER

Poetry is when an emotion has found its thought and the thought has found words

## A Happy Child

My house is red, a little house;
a happy child am I
I laugh and play the whole day long.
I hardly ever cry.
I have a tree, a big and green tree
to shade me from the sun.
And under it, I often sit
when all my play is done

**Abrish Arshad, 3, Daisy**

## Honesty

Honesty is the best policy.
Allah loves the honest.
Honesty is also a habit of
our beloved prophet.
We have to be honest with
all people.
Honesty is an identity of
Muslims.
Allah loves those who are
honest.
We should be honest.
It's the true policy.

**Sadia Shakir III Lily**

## "Aging- an enigma"

In the passage of time, we discover
the beauty
A lifelong duty, aging gracefully
With silvered hair, like the moonlit
gleam
Wisdom and grace, like a flowing
stream
The laughter lines etched around her
eyes
The beauty of aging, its found within
In the love we've shared, in the
battles we've been
In tapestry of aging, we find beauty a
rarity.

**Rafia Siddiqui XII A**

## Darkness all around Us

Some weak points lie
around us
We're going deep, thus
There are sprinkles of dust
Making things worse
Isn't it something strange
with us?
There should be some joy,
it's a must
Darkness is all around us
Whenever we're going just
Ingredients of happiness
should lie in us
But how could it happen?
Tell it first!"

**Umme Hani Class IX**

# HOPE

Sun rays signal a new beginning,
Hazy faces, dewdrops mingling.
As the sun climbs high once more,
You'll forget this worldly pain, I implore.
Shadows fade after the day's display,
Indicating joy isn't far away.


**Wardah Najeeb XII (2023-24)**



# BARTER SYSTEM

Clara, 13 years old girl went to a market with her mother in order to buy her favorite dress. When her mother was buying the dress, a quick thought came in her mind that indicated a question. Her question was that; why people used to deal in a system of "give and get". her mother gave money to shopkeeper, then shopkeeper gave her a dress, so why is it? That question was revolving in her mind, at that time her mother said her to move quickly, they need to go home. Then Clara sat in her car and moved towards her home. Clara switched on her mom's mobile phone to get to know about the give and get system. As she searched she had found that, that system is known as "Barter system" and it involved with money.

Umme Hani Class IX



# 14th August

"August is a significant month for all of us as it marks our independence day. We typically celebrate the 14th of August with flags, performances, speeches, and sometimes even feel a bit nervous when it's our turn to sing the national song. For many, it's a holiday, and some spend it just enjoying their day, while others may forget the importance of this day. So, I'm here to remind you that there's more you can do beyond waving flags and giving speeches in front of your classmates and fellow students, even if you tend to forget your speech points. One of the most powerful things you can do is to pray for your country.

Additionally, focus on your studies and show respect to your teachers, parents, and elders. Never underestimate yourself; you are a shining star. Don't waste your time; study hard! That's my message, and at the end, I proudly say, PAKISTAN ZINDABAD!


**Ume Habiba Adnan 5 Tulip**




# My Family

In a beautiful house, we all live
To love each other is all we give
My dad brings us food And Mom serves in a happy mood
My Sisters are three
They give e me Care for free
God gave me the family
that was best for me

**Ayza Waseem 3- lily**




# THE LITTLE PLANT

In the heart of a seed,
Buried deep so deep,
A tiny Plant
Lay fast asleep
"Wake", said the sun shine.
"And creep to the light
"Wake", Said the voice
Of the raindrops bright

**Abesha Sheraz iii Daisy**

# Joke

Friend 1: Bro, let's go study on an airplane.
Friend 2: Study on an airplane? How's that possible?
Friend 1: For higher education!
Ahmed: How can we keep our school clean?
Ali: By staying at home.
Sara: Which is the oldest animal?
Fabiha: The zebra. Because it is still black and white.

# Recipe of chicken Bread Pizza

Marinate the chicken.
Shape it.
First, take boneless chicken and cut it into cubes.
Mix Tikka masala, salt, and pepper.
Add one tablespoon of oil and mix it with your hand, then fry the chicken in the oil.
Take 2 pieces of bread, spread pizza sauce on it, crush mozzarella and cheddar cheese, and chop the chicken.
Put the chicken on the bread, close it, and microwave it
Delicious!!

**Hanfa Haseeb IV sunflower**

---


# Let's gauge the land below

To scrutinize the day before
Heaps of head and blood flow
They seaked freedom in the göre
Towards all agony the became Catholic
They were no more retainers
For their own sovereignty they became patriotic
The level of the faith made them feel greater
For their own realm the avow
Independence independence they all brag
Towards the victory we headed to glow
To aflication and wounds
To all the blood lost
There was nothing for which we remorse
For its Pakistan
Our qaids honour
That we would present drop of blood for

**Syeda Summaya XI-B**


**Teacher:** which one is closer, the sun or Africa?"
**Student:** "The sun."
**Teacher:** "Why?"
**Student:** "Because we can see the sun all the time, but we cannot see Africa."
"Why do fish live in saltwater? Because sneeze." pepper makes them
**Little Son (on the phone):** "My son has a fever and won't be able to come to school today."
**Teacher:** "Who is this?"
**Little Son:** "This is my father speaking."

Shiza Sarwat VII-R










# STUDENT'S
# SCIENCE
# Project Work







# Transforming Stress into Success

**Q,1.** What study habits do you believe have contributed to your academic success?

**Saman:**I have always been a firm believer of a quote which says" discipline is destiny". I attribute my academic success to a combination of disciplined study habits, hard work and Tawakkul. Hard work has been a cornerstone of my academic journey. Obviously, I procrastinate but I also take responsibility of my studies on my own shoulders rather than depending on others, I believe that putting in the effort to master the material is key to success. In addition to this, I strongly believe in the concept of 'tawakkul'— and trusting in the process. While putting in the necessary effort, I also recognize the importance of surrendering to the belief that there is a larger plan at play. While putting in the necessary effort, I also recognize the importance of surrendering to the belief that there is a larger plan at play.

**Q,2:** Are there specific subjectsor topics that you find particularly interesting or challenging?

**Saman:** During my time in the eleventh grade, I encountered a significant academic challenge, particularly with the extensive and intricate descriptive questions related to literary giants like Mir Taqi Mir and Ghalib in Urdu. These questions seemed like a formidable hurdle, and for a moment, I feared I might falter. However, through unwavering determination, hard work, and the blessings of Allah, I managed to secure an impressive 89 percent in Urdu.

**Q,3.** How do you balance your academic responsibilities with extracurricular activities?

**Saman:** In the grayscale routine of a college student's life, extracurricular activities serve as a vibrant rainbow. Writing and painting have always been a passion of mine. I've crafted numerous scripts, articles, and debates for the various dramas we staged both in school and college.

When it comes to pursuing something, you genuinely love, time becomes malleable entity. I found myself immersed in the world of words, often scripting and preparing for extracurricular activities well into the early hours of the morning, around 3 or 4 am. This time frame offers a unique tranquility, a silence that envelopes you when everyone else is deep in slumber. It provides an ideal environment for focused creativity, free from external disturbances.

**Q,4.** Can you share a memorable moment or achievement during your time in school so far?

**Saman:** My journey with this institute spans 14 years, a period filled with countless memories and achievements. As the first student to arrive on campus every morning at 6:45, I vividly remember knocking on the doors for ten minutes until Yameen uncle opened them. Those early moments set the tone for the day and instilled a sense of ownership in me.From engaging in pre-assembly games to spending creative moments with my best friend on the last bench, where we would draw and fill colors during Physics and Chemistry classes, each day. Sharing lunches, exchanging laughs over a sip of water, locking each other in washrooms, and the occasional mishaps such as breaking China dishes and test tubes in the laboratory added layers of laughter and bonding to our time together. Waiting in the hall for the van until 3 in the afternoon became a routine These moments, though laced with nostalgia, still have the power to bring a tear to my eye.

**Q,5.** What motivates and drives you to excel academically?

**Saman:** I have come from a humble family where the ethos of hard work is deeply ingrained. The lesson that one must toil diligently, save, and only then acquire what one desires has been a guiding principle instilled by my working parents. Both my parents contribute to the family's well-being through their dedication and industrious spirit. My father holds a job, and my mother runs a stitching business.

Witnessing their relentless commitment to providing for our family has been a profound motivator for my brothers and me. It's not just about financial gain but about becoming individuals who contribute positively to society. Their example serves as a beacon, guiding me towards a future where I, too, can make meaningful contributions in terms of character, habits, and financial stability

**Q,6.** Are there any role models or mentors who have influenced your academic journey?

**Saman:** If I were to aspire to embody certain personality traits, I would wholeheartedly embrace the essence of Shams Tabrizi. Shams, a 13th-century mystic and spiritual guide, left an indelible mark on the great Persian poet Rumi. Beyond academic pursuits, I am drawn to the distinctive characteristics that defined Shams Tabrizi's persona. Shams was known for his unconventional and unorthodox methods. His teachings and actions challenged societal norms and conventional religious practices, provoking thought and inspiring a more profound understanding of spirituality.

**Q,7.** How do you manage your time effectively to handle both academic and personal commitments?

**Saman:** As I've previously emphasized, 'discipline is destiny.' Adhering to the Sunnah, I prioritize waking up early and retiring to bed at an early hour. This routine not only aligns with a balanced lifestyle but also lays the foundation for a productive day. I maintain a secret practice that involves preplanning my tasks. The night before, I diligently jot down the topics or tasks that I intend to tackle the following day in a dedicated diary.

**Q,8.** What strategies do you use when faced with a difficult or challenging assignment?

**Saman:** While grappling with the intricate physics numerical and the complexities of IUPAC nomenclature in chemistry, the presence of dedicated teachers proved to be a game-changer.

Moreover, the collective strength of our class became evident when tackling numerical problems together. The synergy that emerged during group problem-solving sessions showcased the power of collaboration. I also leverage the vast educational resources available on platforms like YouTube.

**Q,9.** What advice would you give to other students aspiring to achieve academic success in your school?

**Saman:** "Master the art of time management, cultivate discipline, and invest your unwavering effort; Then witness how Tawakul works its magic. Embrace the principle of offering a helping hand to others whenever possible, but firmly reject the temptation of engaging in academic dishonesty, especially cheating during exams. It is unequivocally the most detrimental practice a student can involve themselves in. Upholding integrity not only preserves the sanctity of the learning process but also contributes significantly to personal growth and character development. Strive to give your utmost, maintain discipline, and navigate the challenges with a mindset that blends hard work and faith, for therein lies the true magic of academic success.

**Ex- Student**
**Saman Shamim Class: XII**

# Fiction

## The Evil Boy & The Kind Man

Once upon a time, there was a river. Over them lived wary fishes. Once, the fishes were swimming. A boy named Bay grabbed a handful of fishes and threw them out of the river. They started to panic and were almost dying, but a kind man came and put the fishes back in the river. Then he asked the boy, 'Why did you throw the fishes out of the water?' The boy replied, 'I just did it for fun. I wanted to see them panicking and moving out of fear.'

The man said, 'You shouldn't do that because if I put your head in the river, would you enjoy it? No, right? The fishes are just like you. Don't traumatize them.'"
Inshirah

**Abdullah III-Daisy**

# The Rainbowfish

Once upon a time, Rainbowfish lived in the sea with his mother. Every day, he went to the back side of the seabed to play. His mother would warn him not to go there every day, but he ignored her. One day, Rainbowfish went with his friend Goldfish. Suddenly, a baby shark came with its mother. They caught them, but they bravely fought back and managed to save themselves and return safely home.

**Moral:** We should not ignore our parents' commands."

**Zainab Waseem III Lily**




# Independence Day Celebration

## Independence Day – 14th August 2023

Independence Day in our school is celebrated every year with zeal and zest. This year, the program started with the recitation of some Quranic verses. After that, some students came up on the stage for a naat. Next, a college student recited a poem in Urdu which was about “freedom.” A few students also sang national songs. Then, there was a drama presented by college students that portrayed how Pakistani people celebrate Independence Day. There were a lot of tableaus and dramas by other students too. A student recited a dua on stage at the end of the program, and we recited that along with her.


Lastly, the microphone was handed over to our school principal, and she spoke a few words about Independence Day.

**Isma Waheed (X R)**








---

# Book fair – 16th & 17th August

Many students enjoy buying and reading books with their money. For that reason, book fairs are held in our school. This year, it was held on the 16th and 17th of August. There were many different kinds of books at the fair, in both Urdu and English. Storybooks for children, novels, magazines, and coloring books were displayed. There was also a section for cute diaries and notebooks. I also saw very popular English storybooks there; they had the whole series of Harry Potter, which is liked by a lot of kids. Urdu magazines and novels were also present. Overall, it was a nice fair, and I'd recommend checking it out if you like books.


**Isma Waheed class X**




















Elections are one of the most important events in our school as they determine which students are going to work as prefects, head-girl, sports in charge, and other such positions for the whole year. August 21st was the day when we all voted for the students we deemed suitable and worthy for whichever position they were nominated for. There were a lot of positions, namely head-girl, assistant head-girl, prefect in-charge, sports, literary, and environmental in-charges, etc. The nominees were assigned different and unique symbols, and they worked really hard to convince the other students to vote for them. Some of them even prepared speeches about why they should be voted for.

Personally, I really like this event, and I think voting is quite fun.


**Isma Waheed XR**













































# Election

# 2023









# LANGUAGE FAIR

## 2024
















# Science Fair

























# English Fair
























# Arabic Fair

























TIME
MY DAILY ROUTINE
TIME

# Math Fair









BANKS


TRIANGLES


ALGEBRAIC
IDENTITIES


USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM
A+
60%
QASIM HOUSE


Bar Graph




THEOREM'S
PARK



# Urdu Fair























# Sindhi Fair






















# حصہ منظومات

میرے ہاتھ میں قلم ہے، میرے زہن میں اجالا۔۔۔

## حمد

اللہ کو اپنا بنا لو
اللہ سے لو لگا لو
یہ زندگی ایک مہلت ہے
روٹھے ہوئے رب کو منا لو
اب سب رشتوں کو چھوڑو
اللہ سے رشتہ جوڑوں
ہر غیر سے ہٹ کٹ کے
اللہ کو اپنا بنا لو
اللہ سے غفلت کیسی
اللہ سے دوری کیسی
اب سب دروں کو چھوڑو
اللہ کو ورد بنا لو

اسماء عظیم (پنجم روز)

## ہمارا سبز ہلالی پرچم

ہمارے سبز ہلالی پرچم سے
وہ رنگ بکھرے جائیں گے
جو امیدوں کے دامن میں
کتنے ہیں پھول کھلائیں گے
یوں پاکستان کے گلشن میں
ہر پھول کو ہم مہکائیں گے

سورج چاند کی سنہری کرنوں سے
ہر ذرے کو چمکائیں گے
اور اپنے شوق کی گرمی سے
ہم جذبوں کو بہکائیں گے
پھر اپنی محنت کے بل پر
ہم دنیا پر چھا جائیں گے
ہمارے سبز ہلالی پرچم سے
وہ رنگ بکھرے جائیں گے

فلزہ زبیر ۔ پنجم روز

## اللہ

رکھتے نہیں سر ایسے — ظلم سے جھک جائیں
موت کو ڈھونڈنے والے — خوف سے رک جائیں
نا ممکن ہے اہل ایمان بک جائیں — ہم متلاشی جنت کے
بندے رب العزت کے — یہاں جو ڈھلتے ہیں، وہاں ابھرتے ہیں

جویریہ صفدر حسین پنجم جیسمین

## پیاری ماں

سب سے انوکھا سب سے پیارا
دنیا میں رشتہ ہے ماں کا
دکھ سکھ میں ہر دم مسکائے
بچوں کو راحت پہنچائے ماں
تپتی دھوپ میں ہے وہ وسیلہ
ہے بس چلتی پھرتی چھایا
قدرت کا ہے انمول خزانہ
روشن جس سے سارا زمانہ
کبھی نہ ماں کے دل کو دُکھانا
ہر دم اس کا مان بڑھانا

**عاتکہ شعیب**
**سوم للی**

## اچھے کام

دنیا میں اپنا نام کریں
آؤ مل کر کام کریں
بڑوں کا ادب کریں
بچوں سے پیار کریں
سچائی کو عام کریں
آؤ اچھے کام کریں
غریبوں کی امداد کریں
نماز کا اہتمام کریں
جنت کو حاصل کریں
اپنے نبی ﷺ کو راضی کریں
گر خدمت خلق ہم سے ہو جائے گی
یہ دنیا بھی جنت بن جائے گی

**مسفرہ مبین**
**سوم للی**

# ننھے قلمکار

میرے ہاتھ میں قلم ہے، میرے ذہن میں اجالا۔۔۔

## "کشمیر کی لہورنگ وادی کی سیر"

سنا ہے بہت سستا ہے خون وہاں کا وہ ایک بستی جسے لوگ کشمیر کہتے ہیں مجھے لگتا تھا کہ کشمیر کی وادی ایک جنت نظیر وادی ہے لیکن جب میں اس کی سیر کو گئی تو مجھے احساس ہوا کہ بھارت نے اس جنت نظیر وادی کو ایک لہولہان وادی میں بدل دیا ہے۔ کشمیر میں جہاں خوبصورت ندیاں بہتی تھیں اب وہ بہتے لہو سے سرخ ہیں- میں نے محسوس کیا کہ وہاں بچے دنیا میں انکھ کھولنے سے قبل ہی موت کی اغوش میں چلے جاتے ہیں- وہاں مائیں اپنے جگر گوشوں کے آنے کا انتظار کر رہی ہوتی ہیں تو ان کو ان کی شہادت کی خبر ملتی ہے- میں نے دیکھا کہ وہاں بھارتی فوج کشمیری عوام کے خون سے ہولی کھیل رہی تھی۔ آج وہ کشمیر ہے محکوم و مجبور و فقیر کل جسے اہل نظر کہتے تھے ایران صغیر لیکن میں سلام پیش کرتی ہوں اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں پر جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر دیا مگر بھارتی سورماؤں کے اگے جھکے سینہ سپر رہے اور مسلسل ان کے وحشیانہ تشدد کو بڑے صبر سے سہہ رہے ہیں۔ بہت افسوس ہے کہ ساری دنیا سو رہی ہے- بھارت نے کشمیر کا پانی بند کر دیا ہے، میں

نے دیکھا کس طرح بچے پیاس سے مر رہے ہیں، نوجوان کو گولیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، بہنوں کی عزتوں کو پامال کیا جا رہا ہے، وادی میں ناحق معصوموں کا خون سے بہایا جا رہا ہے۔ میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ قیمتی جانوں کو اس طرح روندا جا رہا ہے جس طرح کہ انسان کی کوئی قیمت ہی نہیں۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیر کی ازادی کے لیے پاکستان کا بچہ بچہ کٹ مرنے کے لیے تیار ہے اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ہر سال دنیا بھر میں پانچ فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منایا جاتا ہے۔

"ہمارا یہ نعرہ ہے کہ "کشمیر بنے گا پاکستان

یاران جہاں کہتے ہیں کشمیر ہے
جنت کسی کافر کو ملی ہے نہ ملے گی

**عمیمہ عبداللہ (ہفتم روز)**

# اضافی پیسے

رات کو سوتے وقت کاشف نے اپنی امی سے پوچھا اضافی پیسے کیا ہوتے ہیں تو امی چونک پڑی کہ آج مزدور نے یہ الفاظ بولے تھے۔ کاشف اور فاطمہ دو بہن بھائی تھے۔ ایک دن ان کے پڑوسی نے ان کو بتایا کہ آپ کی دیوار کے ساتھ پائپ سے پانی لیک ہو رہا ہے۔ امی نے چھٹی والے دن تو ٹھیک کروایا جس کی وجہ سے دیوار ٹوٹ گئی۔ امی نے دوبارہ سے مزدور سے دیوار کی مرمت کروائی۔ مزدور بہت غریب تھا۔ امی نے اسے پیسے دیتے وقت تھوڑے زیادہ پیسے دیئے تو مزدور نے کہا باجی یہ اضافی پیسے ہیں۔ امی نے کہا کہ اپنے بچوں کے لیے کچھ چیزیں لیں جانا۔ کاشف کی امی نے اسے بتایا کہ میں نے کچھ پیسے مزدور کو اس کی مزدوری سے زیادہ دیئے تھے۔ کیونکہ وہ غریب آدمی تھا۔ میں نے اس کی ان اضافی پیسوں سے اس کی ضرورت کا خیال کیا۔ امی نے کہا ہمیں دوسروں کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ آج کاشف کو اضافی پیسے کا مطلب سمجھ میں آ گیا تھا۔ اس نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ سبق: اِس کہانی سے ہمیں یہ سبق حاصل ہوتا ہے کہ مزدور کی مزدوری پسینہ خشک ہونے سے پہلے دینے والے اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور اگر ان مزدوروں کو کچھ روپے کر دے دیے جائیں تو اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوتے ہیں۔

**سیدہ ریجا فاطمہ**
**سوم للی**

# توبہ

حائقہ بہت پیاری سی بچی تھی۔ حائقہ کی عمر سات سال تھی مگر اس کی ایک کمزوری تھی کہ وہ جھوٹ بولتی تھی۔ اس کے والدین نے اسے کئی بار سمجھایا تھا مگر وہ ایک کان سے سنتی اور دوسرے سے نکال دیتی تھی۔ ایک دفعہ اسکول میں اُستانی نے حائقہ سے پوچھا بیٹا اسلامیات کی کاپی ہے۔ حائقہ نے کہا نہیں کیونکہ کہ اس کا کام مکمل نہیں تھا مگر اُس کے بستے میں موجود تھی۔ اُستانی نے کہا مونیٹر اس کے بستے میں کاپی چیک کرو حائقہ بہت گھبرا گئی۔


جب مونیٹر نے بستہ چیک کیا تو کاپی موجود تھی۔ کیونکہ اُس نے جھوٹ بولا تھا اس لیے اُس کو سب کے سامنے کھڑا ہونا پڑا اور وہ شرمندہ ہوئی جب وہ گھر پہنچی تو سو گئی۔ اُس نے خواب دیکھا کہ بہت سے لوگ دوزخ میں جا رہے ہیں اور بہت سے لوگ جنت میں جا رہے ہیں۔ اُس نے دیکھا کہ وہ بھی دوزخ میں جا رہی ہے۔ حائقہ جب اُٹھی اُس نے ہر جگہ دیکھا وہ خواب تھا۔ اب سے اُس نے توبہ کر لی کہ آج کے بعد سے کبھی جھوٹ نہیں بولوں گی اُس کے سمجھ میں آ گیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اُس کو سبق سکھانے کے لیے خواب دکھایا تھا۔

**ارفعہ شکیل سوم للی**

# نظام شمسی

نظام اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا بہت بڑی بنائی ہے، وہ بھی چھ دن میں۔ اللہ نے اس کائنات میں بہت سی ایسی انوکھی چیزیں بنائی ہیں جسے انسان ابھی تک جان نہیں سکے۔ ان سب چیزوں میں سے ایک " نظامِ شمسی " ہے۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جسکے بارے میں ابھی تک کچھ ہی باتیں انسان جانتے ہیں نظامِ شمسی میں ایک ایسی حیرت انگیز چیز موجود ہیں جن کے پیچھے ایک بڑی کہانی ہے جس کے بارے میں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ہے۔ نظامِ شمسی میں سورج (ستارہ)، چاند، زمین، مریخ، مشتری پلوٹو، عطارد، زہرہ، زحل، یورنیس سیارے ہیں۔ یہ سب اپنے مدار میں گردش کرتے ہیں اور اللہ نے ان سیاروں کو ایسے بنایا ہے کہ یہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹتے اور اپنا اپنا کام کرتے رہتے ہیں۔ نظامِ شمسی میں بلیک ہول بھی موجود ہیں جس میں آ کر کوئی سیارہ اور کوئی چیز اس کے اندر چلی جائے تو وہ چیز گم ہو جاتی ہے کائنات میں اربوں کھربوں کہکشائیں موجود ہیں اس میں سے ایک حصہ " نظامِ شمسی " کہلاتا ہے۔

**عروش فاطمہ**
**ششم-روز**



# مہنگائی کا بوجھ

مہنگائی بڑھاو تمہیں ڈر کس کا ہے
ہر چیز کی قیمتیں بڑھاو تمہیں ڈر کس کا ہے


پارٹی جھگڑوں میں الجھایا ہوا ہے
عوام کا اچھی سے دھیان ہٹایا ہوا ہے

صرف اپنے بارے میں سوچو تمہیں روکا کس نے ہے
مہنگائی سے ہم ہیں پاریشان تمہیں ڈر کس کا ہے

عوام کا کوئی خیال نہیں کون پُوچھتا ہے
کبھی کوئی سیاستدان غریبوں کا سوچتا ہے

مخلوق خدا مرتی ہے تمہیں ڈر کس کا ہے
تمہیں کس کو جواب دینا ہے کیا تمہیں پتہ ہے؟

**Aliza Arman** — **علیزہ ارمان**
**VIII Rose** — **ہشتم روز**



# لالچ کا انجام

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک گاؤں میں احمد نامی ایک شخص رہتا تھا۔ احمد کی ایک بہت بری عادت تھی کہ وہ بے حد لالچی تھا، اسے مال و دولت جمع کرنے کا شوق تھا یوں وہ کافی کنجوس بھی ہو گیا تھا کیونکہ وہ اپنی جمع کی ہوئی دولت میں سے کچھ بھی خرچ نہیں کرنا چاہتا تھا، نہ ہی وہ اسے ضرورت مندوں کی مدد کے لئے استعمال کرتا تھا۔

وہ اپنے پیسوں کا تھیلا ہمیشہ اپنے کندھے پر ٹانگے رکھتا تھا، نوٹوں اور سکوں کے وزن سے اس کا تھیلا روزانہ بھاری ہوتا جا رہا تھا، لیکن وہ مال خرچ کرنے یا ضرورت مندوں کو دینے کے لئے تیار نہ تھا، لوگ اسے سمجھاتے تھے کہ

اللہ فرماتا ہے "تم میرے بندوں پر خرچ کرو میں بھی تم پر خرچ کروں گا" (صحیح البخاری)

مگر اس کے کان پر جوں نہ رینگتی، لالچ اور بخل کے مارے وہ اپنا پیسوں کا تھیلا بھی نہ بدلتا اور اس کے وزن میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

ایک دن گاؤں کی ندی پار کرتے ہوئے اس کا تھیلا پھٹ گیا اور اس کا سارا جمع شدہ مال پانی میں بہہ گیا، یوں اسے لالچ کی ایسی سزا ملی کہ وہ خالی ہاتھ رہ گیا۔

پیارے دوستو! اللہ تعالیٰ لالچ اور بخل کرنے والوں کو سخت ناپسند فرماتا ہے، یوں بھی اللہ نے معاشرے میں عدل کا نظام قائم کرنے کے لئے ہمیں صدقہ، خیرات اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہے، ہمیں چاہئے کہ اللہ نے ہمیں جو بھی نعمتیں دی ہیں انہیں دوسروں سے بانٹیں خواہ وہ دولت ہو یا علم۔ یوں ہم اللہ کے مقرب بن سکتے ہیں۔

رویدہ رباط (چہارم سن فلاور)

# میں پاکستان ہوں

پیارے بچو! آپ تو مجھے جانتے ہوں گے! کیا کہا نہیں جانتے! چلیں میں اپنا تعارف کراتا ہوں۔ میں وہ سرزمین ہوں جہاں آپ آباد نہیں اور جو کہ بوڑھوں، جوانوں حتیٰ کہ آپ جیسے بچوں کی بھی لازوال قربانیوں کے نتیجے میں وجود میں آیا۔ میں چار صوبوں پر مشتمل ہوں جو کہ سندھ، پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخواں ہیں۔ اب تو پہچان ہی لیا ہو گا؟ جی ہاں! میں آپ کا پیارا ملک "اسلامی جمہوریہ پاکستان" ہوں۔ آئیں چلیں میں آپ کو اپنے قیام کی کہانی سناتا ہوں۔

وہ چودہ اور تیرہ اگست کی درمیان شب اور شب قدر تھی جب میرے قیام کا اعلان ہوا۔ کیا کہا بچوں؟ میں ایک دن میں بن گیا؟ نہیں بھئی! میری بنیادیں تو جب ہی پڑ گئیں تھیں جب علامہ اقبال نے میرا خواب دیکھا اور سرسید نے دو قومی نظریہ پیش کیا۔ جی ہاں! یہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کی بات ہے ہندو انگریزوں کے ساتھ ہو گئے جس کے باعث مسلمان پسپائی کا شکار ہو گئے اور انگریزوں نے ان پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ ڈالے۔ مسلمان بتدریج ان کی ذہنی غلامی میں جاتے گئے۔ ایسے میں مسلمانوں کے عظیم رہنما جن میں علامہ اقبال، شبلی نعمانی، سرسید احمد خان اور الطاف حسین حالی ہیں۔ انہوں نے اپنی قوم کو بیدار کیا اور ان میں آزادی کا جذبہ پیدا کیا۔ کئی سال کی انتھک کوششوں کے بعد ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو میری قرارداد منظور ہوئی۔ اِس قرارداد کے سات برس بعد میرے قیام کا اعلان ہوا اور میں ایک نئی قوت کے طور پر دُنیا کے نقشے پہ اُبھرا۔ اور پھر مدینتہ المنورۃ کے بعد دُنیا نے دوسری بڑی ہجرت میرے قیام کے وقت دیکھی۔ ہائے کاش آج کی نوجوان نسل اُن خون میں لپٹی لاشوں، اُن گمشدہ قافلوں، اُن سر کٹے دھڑوں کو دیکھ لیتی تو شاید آج وہ آزادی کی قدر کرتے۔ میرے قیام کے چند سال بعد آئین کے تحت میں باقاعدہ جمہوری ملک بن گیا اور میرے قوانین بنائے گئے۔ اور پتا ہے کیا؟ میرا ہی ایک خطہ جو کشمیر کے نام سے جانا جاتا ہے، وہ جو ابھی بھی ہندوستان کے سخت اور بے رحم پنجوں میں ہے اور وہاں کے رہنے والے ابھی بھی آزادی کے خواب دیکھتے ہیں۔ بتانے کو تو ایک اور بات بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ میرے قیام کے کچھ عرصے بعد میرا ایک بازو جو کہ موجودہ بنگلہ دیش ہے، ہندوستان کی سازشوں کے تحت مجھ سے الگ کر دیا گیا۔ اور کیا آپ جانتے ہیں کہ میرا پرچم کس نے بنایا؟ جی! امیر الدین قدوائی نے ہی سبز ہلالی پرچم کا خاکہ پیش کیا جس میں ستارہ دین اسلام کے پانچ ستونوں جبکہ چاند ترقی کی علامت ہے۔ میرا نام، جس کا معنی پاک لوگوں کا مسکن ہے، چودھری رحمت علی نے تجویز کیا اور میرا قومی ترانہ حفیظ جالندھری نے لکھا۔ اگر آپ مجھے اچھی طرح جانتے ہیں تو یقیناً آپ جانتے ہوں گے کہ میں دنیا کا پانچواں سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہوں اور میں وہ پہلا اسلامی ملک ہوں جو ایک ایٹمی قوت بنا۔ اور تو اور! میزائل ٹیکنالوجی میں تیسرے چوتھے نمبر پر ہوں۔ ہو رہی ہے نہ حیرانی؟ اچھا ابھی اور بھی سنیئے۔

میں قدرتی وسائل جن میں قدرتی گیس، قیمتی پتھروں کی کانیں، نمک کی کانیں، سونے کی کانیں، ان سب سے مالا مال ہوں۔ میرا آبپاشی کا نظام دنیا کا بہترین اور بڑا آبپاشی کا نظام ہے۔ میری زمین بھی اللہ تعالی نے بڑی ذرخیز بنائی ہے جس کی وجہ سے فصلوں کی پیداوار بہت اچھی ہوتی ہے۔ اور میری جغرافیائی لحاظ سے بھی بڑی اہمیت ہے۔ اور میں اُن چند ایک ممالک میں شامل ہوں جہاں سارا سال تجارت ہوتی ہے۔ کیوں کہ میرے پاس گرم پانی کا سمندر موجود ہے۔ جس کی وجہ سے سردی، گرمی ہر موسم میں تجارتی سرگرمیاں برقرار رہتی ہیں۔ میری آب و ہوا بھی نہایت معتدل ہے۔ اور دیگر امور کے لیے بھی بہترین ہے۔ میں جانتا ہوں کہ یہ تو آپ نہیں جانتے ہوں گے کہ مجھ میں دنیا کا بہترین شیشے کا سامان، کھیلوں کا سامان، دنیا کا بہترین کپڑا اور بہترین آلات جراحی بنائے اور بیرون ملک برآمد کیے جاتے ہیں۔ ان سب کا معیار اعلیٰ ہوتا ہے اور یہ نہایت سستے بھی ہوتے ہیں، یسے تو آپ تمام بچے ہی درخشاں ستارے اور مستقبل کے ہونہار ہیں لیکن چند ایک ایسے ہیں جن کے نام تاریخ میں سنہری حروف سے رقم کر دیے گئے ہیں؛ عارفہ صدیقی، حسن صدیقی، مریم مختار اور بہت۔ اس کے علاوہ میری تاریخ میں قائداعظم محمد علی جناح، لیاقت علی خان، محمد علی جوہر اور فاطمہ جناح کا بڑا نام ہے۔ چلیے! اب اختتام کرتے ہیں ورنہ ابھی کتنے اوراق میرے انتظار میں تھے۔ مگر چلنے سے پہلے ایک وعدہ کیجیے کہ آپ میرے موقف جو کہ ایمان، اتحاد، تنظیم ہے، اسی کے تحت مجھے چلائیں گے۔ اور بحیثیت طالب علم وعدہ کریں کہ خوب شوق اور لگن سے علم حاصل کریں گے اور میراا نام روشن کریں گے۔ اور ہاں اتنی طویل تحریر کے بعد یہ مت بھولیے گا کہ میں کون ہوں۔

میں پاکستان ہوں

میں زندہ باد ہوں

**فضا فہیم (ہشتم)**

---

# آج کا پاکستان قائد کی نظر میں

اگر قائداعظم اج زندہ ہوتے اور پاکستان کی موجودہ صورتحال پر نظر دوڑاتے تو انہیں انتہائی افسوس ہوتا کہ جو ملک اتنی جدوجہد اور قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا وہ اب زوال کی جانب جا رہا ہے. جیسا وطن قائداعظم چھوڑ کر گئے تھے ویسا یہاں اب کچھ باقی نہیں. ہمارے قائد نے بہت جدوجہد سے ہمیں ازادی دلوائی مگر ہم ازاد ہو کر بھی دوسرے ممالک کے غلام ہیں. ہم غیر مسلموں سے متاثر ہوتے جا رہے ہیں اور ان کی عادات اپنا رہے ہیں جو ہرگز قائداعظم نہیں چاہتے تھے. پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے. قائداعظم چاہتے تھے کہ ہمارے ملک کا نظام بہترین ہو, یہاں کے لوگ قوانین کی پابندی کریں, لوگ اخوت اور بھائی چارے کی مثال قائم کریں, محنت سے جی نہ چرائیں بلکہ دن اور رات ایک کر کے پاکستان کا نام دنیا میں روشن کریں لیکن اج کے دور میں اتحاد کا نام و نشان باقی نہیں. بلکہ لوگ تو تیرا صوبہ میرا صوبہ کہنے لگے ہیں اس ہی لیے اج میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ

تھی جس کی تمنا یہ سحر وہ تو نہیں ہے *
قائد کی تگ و دو کا ثمر یہ تو نہیں ہے
مسلے ہوئے جذبے تو کہیں کچلے ہوئے جسم
*اقبال کا وہ خواب مگر یہ تو نہیں ہے

یہ دھرتی پکار اٹھتی ہے کہ انسانیت کو بھاری جوتوں تلے روندنے والوں, فضا میں بارود کی بو پھیلانے والوں, تو کون میں کون پر آپس میں لڑوانے والوں, مروانے والوں, ایک ہفتے میں ڈیڑھ سو لاشوں کو بوریوں کی نظر کرنے والوں یہ جان لو کہ یہ وطن تم لوگوں کی جاگیر نہیں بلکہ یہ قائد اعظم کا پاکستان ہے. قائد اعظم نے ہندوستانی سرزمین پر لاکھوں لوگوں کے خون کا غسل دے کر ایک خطہ عرض کو پاک کیا اور اس کا نام پاکستان رکھا لیکن اگر قائد اعظم یہ دیکھتے کہ اب ہمارا پاکستان ویسا آزاد ملک نہ رہا تو انہیں انتہائی دکھ ہوتا کہ ان کی دی گئی قربانیاں اب بے کار ہیں. جو قوم ٹوٹی ہوئی تھی بکھری ہوئی تھی اسے ایک کرنے کا خواب جو علامہ اقبال نے دیکھا اس کو پورا کرنے کی عزت و ناموس پہلے کے لوگوں نے اپنی قیمتی جانیں بھی قربان کر دیں. مگر آج کے لوگوں میں اور پہلے کے دور کے لوگوں میں زمین اور آسمان کا فرق ہے. وہ لوگ اپنے وطن کی خاطر کسی بھی حد تک جانے کے لیے تیار تھے مگر آج کے لوگ بہت خود غرض ہوتے جا رہے ہیں انہیں اس سے کوئی سروکار نہیں کہ ان کے ہم وطن لوگ مشکل میں ہیں. اب اس ملک میں کوئی قائد اعظم جیسا حکمران نہیں جو پھر سے ہمیں ازادی کی ایک نئی کرن دکھائے۔

حالات کا احساس دلایا ہمیں جس نے "
اور نیند کے غلبے سے جگایا ہمیں جس نے
خطرے سے غلامی کے بچایا ہمیں جس نے
"ازادی کا پھر شوق دلایا ہمیں جس نے

**مائرہ ماجد (ہفتم روز)**

# نیکی کا صلہ

عائشہ اپنے ماں باپ کی اکلوتی بیٹی تھی اس کے پاس بہت سارے کھلونے ہوتے تھے وہ فارغ وقت میں اپنے کھلونوں سے کھیلا کرتی تھی کچھ دنوں سے اس کے گھر میں کام کرنے والی آنٹی عائشہ کی ہم عمر اپنی بیٹی کو اپنے ساتھ لے کر آنے لگی تھی عائشہ نے محسوس کیا کہ وہ جب بھی اپنی گڑیا کے ساتھ کھیلتی تو وہ بچی اسے چھپ چھپ کر دیکھا کرتی عائشہ کو یاد آیا کہ اس کی مما اسے ہمیشہ کہا کرتی تھی کہ دوسروں کو خوش کرنے سے اللہ تعالی بہت خوش ہوتا ہے یہ سوچ کر ایک دن عائشہ نے اپنی وہ قیمتی گڑیا اپنی امی کی اجازت سے اس بچی کو دے دی وہ بچی بہت خوش ہوئی رات کو کھانے پر عائشہ نے اپنے گھر والوں کو یہ بات بتائی تو اس کے گھر والے بہت خوش ہوئے۔ اگلے ہی دن اس کی والدہ نے بتایا کہ اس کے ماموں جو کہ دبئی میں مکین ہیں وہ ان سے ملنے کے لیے ان کے گھر آرہے ہیں جب ان کے ماموں گھر پہنچے تو ماموں نے بتایا کہ وہ عائشہ کے لیے بہت اچھے اچھے تحفے لے کر آئے ہیں ان تحائف میں بالکل اسی طرح کی ایک گڑیا بھی موجود تھی جو عائشہ نے اس بچی کو دی تھی یہ دیکھ کر عائشہ بہت حیران ہوئی اس کی والدہ نے اس کو سمجھایا کہ کسی کی مدد کرنے سے ہمارے مال میں ہمارے رزق میں کبھی کمی نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالی ہمیں اس سے بڑھ کر عطا فرما دیتے ہیں جیسے کہ تمہارے ماموں تمہارے لیے ویسی ہی گڑیا لے آئے۔ عائشہ کو اس کی نیکی کا صلہ مل گیا اور اس نے یہ ارادہ کیا کہ اب وہ ہمیشہ ایسے کام کرتی رہے گی اور دوسروں کو بھی ان کی تلقین کرے گی۔

**ماریہ عرفان چہارم (روز)**

---

# زندگی کی حقیقت

ایک مرتبہ تین دوست ایک شہر گھومنے گئے ہوٹل کی 75 ویں منزل پر انہیں کمرہ ملا۔ ہوٹل کا اصول تھا کہ رات 10 بجے کے بعد لفٹ بند ہو جاتی تھی ایک دن جب یہ لوگ رات کو گھوم کر آئے تو لفٹ بند ہو چکی تھی پہلے دوست نے کہا پریشانی کی بات نہیں میں 25 منزل تک ہنسی مذاق اور تفریح کروں گا یوں ہم 25 منزل تک باتیں کرتے چڑھ جائیں گے دوسرے نے کہا بہت خوب میں کاروبار کی باتیں کروں گا اور 25 منزل ہم یوں اور چڑھ جائیں گے تیسرے نے کہا کہ ٹھیک ہے 25 منزل تک میں بھی شعر و شاعری کروں گا تو یوں 25 منزل میں گزار دوں گا اس طرح باتیں کرتے کرتے وہ لوگ اخر کار 75 ویں منزل تک پہنچ گئے جب وہ کمرے کے پاس پہنچے تو پہلے دوست نے کہا کہ میں تو ایک بہت بڑی غلطی کر آیا ہوں کمرے کی چابی تو میں نیچے ہی بھول کر آگیا ہوں یہ سن کر تینوں کو بہت افسوس ہوا اس کہانی سے ہمیں سبق یہ ملتا ہے کہ ہماری زندگی کی مثال بھی اسی طرح ہے زندگی کے 25 سال ہم ہنسی مذاق اور تفریح میں نکالتے ہیں اس کے آگے کے 25 سال کمائی نوکری اور پیسہ کمانے میں گزارتے ہیں اور آخری سالوں میں ہم غمگین ہو جاتے ہیں اور پھر شکوے شکایتیں کرتے ہیں تو یہ جو چابی ہے یہ دین کا فلسفہ ہے اگر دین کے مطابق ہم اپنی زندگی گزاریں تو ہمیں اخر میں اپنے اوپر افسوس نہیں ہوگا۔

**مریم وقاص چہارم (سن فلاور)**

# عثمان پبلک اسکول لینگویج فیئر کا احوال

فروری بروز ہفتہ ، عثمان پبلک اسکول سسٹم کے زیر اہتمام لینگویج فیئر منعقد کیا گیا تھا۔ جس میں اساتذہ اور ان کی طالبات کی محنت، کوشش اور لگن ظاہر تھی جس کو والدین کی طرف سے سراہا گیا اور توجہ کا مرکز بنا۔ اس معلومات سے بھرپور پروگرام میں مختلف زبانوں کو اور اُن کی خوبیوں کو متعارف کیا گیا تھا۔ ان زبانوں میں اُردو، عربی، انگریزی اور سندھی جیسی مختلف زبانیں شامل تھیں Urdu Language Fair میں اُردو زبان سے متعلق بہترین طور کے کھیل، مشاعرہ، کتب میلا اور انعامات تیار کیے گئے تھے۔ ان کھیلوں میں پہلیاں، عام معلوماتی سوالات اور کسوٹی جیسے دلچسپ اور پُرمزہ کھیل موجود تھے۔ اسی طرح مشاعرے کی محفل میں ہونہار طالبات نے اُردو کی ادبی اور مقبول شخصیات مثلاً: مرزا غالب، پروین شاکر، علامہ محمد اقبال، اور دیگر شخصیات کا کردار ادا کیا جو اُردو کی محفل میں باعث مسرت بنا۔ دوسری جانب عمدہ اور مزاحیہ ڈرامے مثلاً تعلیم بالغاں وغیرہ شامل تھے جس میں استاد اور شاگرد کے انمول رشتے کو بخوبی بیان کیا گیا تھا۔ نیز ہر سال کی طرح اس سال بھی عثمان پبلک اسکول سسٹم نے اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے Language Fair کو پائے تکمیل تک پہنچایا اور کامیاب ٹھہرا۔ عثمان پبلک اسکول سسٹم اپنی اس بہترین کاوش پر تعریف کا حقدار ہے۔ اور ہم بحیثیت طالبات عثمان پبلک اسکول سسٹم کے نہایت مشکور اور آئندہ سال بھی ایسے معلوماتی پروگرام کے منتظر ہیں۔

**مریم رضوان (ہشتم ٹیولیپ)**

# FAREWELL OF X & XII

## 2023-24





















